# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 23 February-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۳؍فروری ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں

☆ طلباء ہمیشہ اپنے تعلیمی اداروں سے رابطے میں رہیں۔ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے تقسیم اسناد جلسے میں نائب صدر جمہوریہ کی اپیل۔

☆ امداد باہمی شعبے کو مضبوط کرکے 5 ٹریلین ڈالر کی معیشت کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ کا اظہار خیال۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے قوم سے کریں گے خطاب۔

☆ دلی میں کل ہند مراٹھی ساہتیہ سمیلن کا آج اختتام۔

اور۔۔۔☆ ICC چمپیئن شپ ٹرافی کرکٹ مقابلے میں آج بھارت پاکستان آمنے سامنے۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ نے اپیل کی ہے کہ طلباء ہمیشہ اپنے تعلیمی اداروں سے رابطے میں رہیں۔نائب صدر جمہوریہ کل ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے 65؍ویں تقسیم اسناد کے جلسے سے خطاب کررہے تھے۔اس موقع پر ان کی تعلیم یافتہ اہلیہ ڈاکٹر سدیش دھنکڑ، یونیورسٹی کے چانسلر اور ریاست کے گورنر سی پی رادھا کرشنن، وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری، رکن پارلیمان ڈاکٹر بھاگوت کراڑ سمیت کئی معزز شخصیات موجود تھیں۔دھنکڑ نے کہا کہ سابق طلباء یہ کسی بھی تعلیمی ادارے کی اصل طاقت ہوتے ہیں اور ان کی جانب سے کیا جانے والا ہر تعاون ادارے کی ترقی میں مددگار رہتا ہے۔انہوں نے کہا۔۔

اپنے خطاب کے دوران نائب صدر جمہوریہ نے مذہبی آزادی، جمہوریت کی حفاظت، عالمی سطح پر بھارت کی اچھی امیج اور بنیادی سہولیات کی ترقی جیسے موضوعات پر بھی روشنی ڈالی۔انہوں نے بتایا کہ آج ملک میں روزگار کے کئی مواقع موجود ہیں جس کے ذریعے نوجوان اپنی آرزوؤں کو پورا کرسکتے ہیں۔انہوں نے کہا۔۔

ڈپلومہ، گریجویشن، پوسٹ گریجویشن اور پی ایچ ڈی کورسیز میں کامیاب 56؍ہزار 122 طلباء نے اس تقریب میں ڈگریاں حاصل کرنے کے لئے درخواست دی تھی۔ان طلباء کو علامتی طور پر ڈگریاں دی گئیں۔اس تقریب میں پہلے نائب صدر جمہوریہ اور گورنر نے 'ایک پیڑ ماں کے نام' مہم کے تحت یونیورسٹی کے آڈیٹوریم کے احاطے میں پودا لگایا۔

اسی طرح نائب صدر جمہوریہ نے شہر کے سرسوتی بھون تعلیمی ادارے میں دستور بیداری برس کے امرت مہوتسو کے موقع پر منعقدہ پروگرام سے بھی خطاب کیا۔ اس مناسبت سے انہوں نے کہا کہ دستور نے دیئے بنیادی حقوق کا استعمال کرتے ہوئے، بنیادی فرائض کا احساس بھی کیا جانا چاہئے۔ دھنکڑ نے ایمرجنسی کی یاد دلاتے ہوئے اس پس منظر میں دستور سے متعلق بیداری مہم کی اہمیت کو اُجاگر کیا۔ اسی دوران نائب صدر جمہوریہ نے ایلورہ کے گھشنیشور مندر میں درشن کیے اور کیلاش غار بھی دیکھے۔ اپنا دورہ ختم کر کے وہ دلی روانہ ہو گئے۔

***** ***** *****

امداد باہمی شعبے کو مضبوطی کر کے 5 ٹریلین ڈالر کی معیشت کا بھارت کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔ امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے اس یقین کا اظہار کیا ہے۔ وزیر موصوف کل پونے میں جنتا کوآپریٹیو بینک کے امرت مہوتسو برس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ بینک کے کامیاب کاروبار کی امت شاہ نے تعریف کی انہوں نے کہا۔ وہیں دوسری جانب کل پونے کے بالے واڑی میں واقع شیو چھترپتی کھیل اسٹیڈیم میں شاہ کی موجودگی میں وزیر اعظم کے ساتھ ساتھ اس اسکیم کے 20 / لاکھ مستفدین کے درمیان منظوری کے خطوط بھی بانٹے گئے۔ اس موقع پر مرکزی وزیر مملکت مرلی دھر موہول، وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس، نائب وزراء اعلیٰ اجیت پوار اور ایکناتھ شندے سمیت دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔

وزیر اعلیٰ پھڑنویس نے اپنے خطاب کے دوران گرانٹ کی رقم میں 50 / ہزار روپیوں کا اضافہ کرنے اور اس اسکیم کے تحت ہر گھر کو شمسی توانائی کے آلات دینے کا اعلان کیا۔

اسی دوران 28 / ہزار گرام پنچایتوں میں اس پروگرام کو راست نشر کیا گیا۔ مختلف مقامات پر 20 لاکھ استفادہ کرنے والوں کو منظوری کے خطوط دیئے گئے۔ وہیں چھترپتی سمبھاجی نگر میں رابطہ وزیر سنجے شرساٹھ کی موجودگی میں تاپڑیہ ناٹیہ مندر میں اس پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں بھی وزیر اعظم دیہی رہائشی اسکیم کے دوسرے مرحلے کے تحت پہلی قسط رکن پارلیمان امیت گوپھڑے کے ہاتھوں ایک لاکھ 20 ہزار استفادہ کرنے والوں میں تقسیم کی گئی۔ اس طرح لاتور میں بھی ضلع کے 43 ہزار 868 ضرورت مندوں میں منظوری کے خطوط جبکہ 24 ہزار 466 مستحقین میں پہلی قسط تقسیم کی گئی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی آج آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے قوم سے خطاب کریں گے۔ اس پروگرام کی یہ 119 ویں قسط ہو گی۔ آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز پر یہ پروگرام صبح ۱۱ / بجے راست نشر کیا جائے گا۔

***** ***** ****

دلی میں جاری کل ہند مراٹھی سمیلن کا آج اختتام ہو رہا ہے۔کل دوسرے دن من موکڑا سنواد، مراٹھی چا آمراٹھی سنسار اس عنوان پر ایک مذاکرے کا انعقاد کیا گیا۔اس مذاکرے سے ابھرنے والا مثبت لہجہ یہ تھا کہ زبانوں کا اختلاف روکاٹ کی بجائے خوش حالی کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ مراٹھی پاؤل پڑھتے پڑے،اور بر ہماراشٹر یاتیل مراٹھی جیون آنی ساہتیہ ان موضوعات پر ہوئے مذاکروں کو بھی ادیب سے محبت کرنے والوں کی جانب سے زبردست پذیرائی ملی۔

***** **** *****

19 ویں ورودھی ساہتیہ سمیلن ،کا کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں افتتاح عمل میں آیا۔اس سے قبل شہر کے اورنگ پورہ علاقے میں ساہتیہ دنڈی یعنی جلوس نکالا گیا۔جس میں فنکاروں نے روایتی ڈھول تاشے کی دھن پر قبائلی رقص پیش کیا۔انہوں نے شہر کے مکینوں کی توجہ حاصل کر لی۔اس ادبی کانفرنس کے صدر اشوک رانا نے اس کی صدارت سنبھالنے پر خوشی کا اظہار کیا۔شہر کے عام خاص میدان پر قائم کئے گئے ملک عنبر ادبی شہر میں ہونے والی اس کانفرنس میں بہت سے پروگرامس ترتیب دیئے گئے ہیں۔

***** **** *****

آئی سی سی چمپئن ٹرافی کرکٹ مقابلے میں بھارت اور پاکستان کی ٹیمیں آج آمنے سامنے ہوں گی۔دبئی بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں ہونے والا یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے شروع ہوگا۔

***** **** *****

سماجی اور معاشی غیر مساوات کو ختم کر کے سماج کے آخری طبقے تک جلد اور کم خرچ میں انصاف فراہم کیا جانا چاہئے۔سپریم کورٹ کے جج جسٹس بھوشن گوئی نے ان خیالات کا اظہار کیا۔موصوف کے ہاتھوں کل ہنگولی میں سوتنتر نیا ئیک میں ضلع عدالت اور عدالتی عمارت عوام کے نام وقف کی گئی۔اس موقع پر اپنے خطاب میں عام جسٹس گوئی نے اپنی اس خواہش کا اظہار کیا۔

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ طلباء ہمیشہ اپنے تعلیمی اداروں سے رابطے میں رہیں۔ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے تقسیم اسناد جلسے میں نائب صدر جمہوریہ کی اپیل۔

☆ امداد باہمی شعبے کو مضبوط کر کے 5 ٹریلین ڈالر کی معیشت کا ہدف حاصل کیا جائے گا۔امداد باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ کا اظہار خیال۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج آکاشوانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعے قوم سے کریں گے خطاب۔

☆ دلی میں کل ہند مراٹھی ساہتیہ سمیلن کا آج اختتام۔

اور۔۔۔☆ ICC چمپئن شپ ٹرافی کرکٹ مقابلے میں آج بھارت پاکستان آمنے سامنے۔

***** **** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** **** *****